ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (60)

27-01-2023

**بہاول پور() جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ، سکیورٹی ڈیوٹی کو چیک کیا، ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی، ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاران کو چیک کیا۔سکیورٹی اہلکاروں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔ جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او عبادت نثار نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے، شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ ملکی صوتحال کے پیش نظر شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکے گے، انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں مؤثر گشت اور سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



**بہاول پور جمعتہ المبارک کے روز پولیس اہلکار سکیورٹی ڈیوٹی پر تعینات**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(61)

27-01-2023

## بہاولپور() ڈسٹرکٹ پولیس لائن بہاولپور میں منشیات کے عادی افراد کے لیے بحالی مرکز کا قیام، صحت مند معاشرے کے قیام کے لئے جہاں منشیات کی خرید وفرخت میں ملوث افراد کے خلاف قانونی کاروائی کی جارہی ہے وہیں منشیات کے عادی افراد کو اس لعنت سے چھٹکارا دلانا انتہائی ضروری ہے، منشیات سے پاک معاشرے کا قیام ہمارا عزم ہے اور یہ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، ڈی پی او عبادت نثار

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس لائن بہاولپور میں نشے کے عادی افراد کے لئے ڈرگز ری ہیبی لی ٹیشن سنٹر کے نام سے بحالی مرکز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جو مستند ڈاکٹرز کی زیر نگرانی دن رات مصروف عمل ہے۔ قیام سے لے کر اب تک بحالی مرکز میں مجموعی طور پر 80 سے زائد مریضوں کو داخل کیا گیا جن میں سے 60 سے زائد مریض صحت یاب ہوکر اپنے گھروں کو جا چکے ہیں۔ اس وقت 20 مریض زیر علاج ہیں جو بتدریج صحت یاب ہو رہے ہیں۔ نشے کے عادی افراد مناسب دیکھ بھال اور ذہنی تربیت کی بدولت نشے جیسی لعنت سے چھٹکارا پا کر معاشرے کے ذمہ دار شہری بن جائینگے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے اپنے پیغام میں کہا کہ بحالی مرکز میں علاج کیلیے داخل ہونے والے نشے کے عادی افراد کو سہولیات کی فراہمی میں کوئی کمی نہیں آئے گی بلکہ ان افراد کی باقاعدہ اور صحیح طرح سے خیال رکھا جا رہا ہے تا کہ وہ جلد نشے کی لعنت سے پاک ہو کر دوبارہ معاشرے کے لئے ذمہ دار شہری بن سکیں۔ اس بحالی مرکز میں مستحق افراد کے لئے تمام سہولیات بلا قیمت میسر ہوں گی۔ ڈی پی او نے مزید کہا کہ منشیات کی روک تھام کیلیے بہاولپور پولیس تمام تر اقدامات اٹھا رہی ہے لیکن پولیس کے ساتھ ساتھ یہ ہر شہری کا فرض بنتا ہے کہ وہ اس اہم فریضے میں اپنا کردار ادا کرے کیونکہ منشیات اور دوسرے نشہ آور چیزوں کو معاشرے میں جڑ سے اکھاڑنے کیلیے ضروری ہے کہ عوام بھی منشیات کی روک تھام کے حوالے سے آگاہی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ منشیات کی لعنت میں مبتلا افراد کو اس لعنت سے باہر نکلنے اور انہیں معاشرتی دھارے میں واپس لانا ہم سب کی سماجی ذمہ داری بنتی ہے۔ ان لوگوں کا باقاعدہ علاج جاری ہے۔ صحت مند معاشرے کے قیام کے لئے بھاولپور پولیس اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہے جس میں پولیس کا ہر سینئیر و جونیئر آفیسر دن رات مصروف عمل ہے۔

ترجمان بھاولپور پولیس



**بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس لائن بہاولپور میں منشیات کے عادی افراد کے لیے بحالی مرکز کا قیام**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(62)

27-01-2023

## بہاول پور()ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری،متعدد ملزمان گرفتار،194لیٹر دیسی شراب ولہن معہ 01 چالو بھٹی،01 کلوگرام سے زائد چرس،04 عدد پسٹل 30بور اورجواریوں سے داؤپر لگی رقم معہ جوئے کا سامان برآمد،مقدمات درج ۔سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں،معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی پالیسی "جرائم سے پاک معاشرہ"اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں معاشرے کومنشیات سے پاک کرنے کے لئے بھاولپور پولیس کی انسدادِ منشیات مہم مسلسل جاری ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایات کی روشنی میں متعدد ملزمان کوگرفتار کرکے ان سے منشیات برآمد کرلی۔تھانہ سٹی حاصلپور اور قائمپور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے ملزمان کاشف اور محمد نواز کوگرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 94لیٹر دیسی شراب ولہن 100لیٹر معہ 01 چالو بھٹی برآمد کرلی۔تھانہ اوچ شریف اور ہیڈ راجکاں پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزمان ریاض اور عقیل کوگرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 1520 گرام چرس برآمد کرلی۔جبکہ تھانہ اوچ شریف،سٹی یزمان اورصدر یزمان پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزمان بشیر احمد، عبدالرحمٰن،کاشف اور امین کوگرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 04عدد پسٹل 30 بور برآمد کرلیے۔جبکہ تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے پنجاب بھکاری ایکٹ کی خلاف ورزی پر ملزم صفدر کوگرفتار اور تھانہ صدر احمد پور شرقیہ نے قمار بازی کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے ملزمان شاکر،وقاص اور ایوب کوگرفتار کرکے ان کے قبضہ سے داؤپر لگی رقم اور جوئے کا سامان برآمد کرلیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج رجسٹر کرلیے گئے۔ڈی پی او عبادت نثار نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں،معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری،متعدد ملزمان گرفتار،مقدمات درج